Australian Government

COVID-19 VACCINATION

COVID-19 ویکسین کی چوتھی ڈوز

8 جولائی 2022

سردیوں کے موسم میں اکثر نظام تنفّس کے وائرسوں سے ہونے والے انفیکشن بڑھ جاتے ہیں جیسے COVID-19۔ COVID-19 کے خلاف زیادہ تحفظ فراہم کرنے کی خاطر ان لوگوں کو COVID-19 ویکسین کی ایک اضافی بوسٹر ڈوز یا چوتھی ڈوز کا مشورہ دیا جاتا ہے جن کے لیے COVID-19 سے شدید بیماری کا زیادہ خطرہ ہے۔ یہ ان لوگوں کے لیے COVID-19 ویکسین کی پانچویں ڈوز ہو گی جن کا مدافعتی نظام نہایت کمزور ہے۔

آپ کو ان صورتوں میں COVID-19 ویکسین کی چوتھی ڈوز لگوانی چاہیے کہ:

- آپ کی عمر 50 سال یا اس سے زیادہ ہو
- آپ معمّر افراد یا معذوروں کے نگہداشتی ادارے کے رہائشی ہیں

16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ان لوگوں کے لیے بھی ایک اضافی بوسٹر کا مشورہ دیا جاتا ہے:

- جن کا مدافعتی نظام کمزور ہو
- جنہیں بعض قسموں کے کینسر ہوں یا پہلے رہ چکے ہوں
- جنہیں کوئی آٹو امیون بیماری ہو جس کا علاج ضروری ہو
- جنہیں پھیپھڑوں، جگر، گردوں، دماغ یا دل کو متاثر کرنے والی کوئی دائمی یا شدید بیماری ہو
- جنہیں ذیابیطس ہو جس کے لیے دوائی ضروری ہو
- جنہیں کوئی معذوری ہو جس کی وجہ سے صحت کی بہت زیادہ یا پیچیدہ ضروریات پیش ہوں
- جن کا وزن بہت زیادہ یا بہت کم ہ۔

30 سے 49 سال عمر کے لوگ بھی اگر چاہیں تو چوتھی ڈوز لگوا سکتے ہیں۔

اگر آپ طے نہ کر پا رہے ہوں کہ آیا آپ کو چوتھی ڈوز لگوانی چاہیے یا نہیں تو اپنے ڈاکٹر سے بات کریں۔

اگر آپ کی بوسٹر ڈوز کو کم از کم **3 مہینے** گزر چکے ہیں تو آپ COVID-19 ویکسین کی چوتھی ڈوز لگوا سکتے ہیں۔

آپ انفلوئنزا ویکسین کے ساتھ ہی COVID-19 ویکسین بھی لگوا سکتے ہیں۔

اگر حال ہی میں آپ کے COVID-19 ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے تو مشورہ ہے کہ آپ **3 مہینے** ٹھہر کر COVID-19 ویکسین کی اگلی ڈوز لگوائیں۔

مزید معلومات کے لیے www.health.gov.au دیکھیں یا 1800 020 080 پر National Coronavirus Helpline کو کال کریں۔ مفت زبانی ترجمے کے لیے آپشن 8 چنیں۔